مسعود احمد چودھری

شخص شخصیت اور خدمات

مسعود احمد چودھری

شخص شخصیت اور خدمات

Q
K.K.

MASUD AHMAD CHOUDHARY

SHAKHS SHAKHSIYAT AUR KHIDMAAT

QASMI KUTUB KHANA
Talab Khatikan, Jamia Masjid, Jammu Tawi 180001
Ph. 9797352280 | 0191-2572280
E-Mail: qasmikutubkhana0729@gmail.com

ISBN: 978-93-834-47-7

Scanned with CamScanner

ایک ادارہ ساز شخصیت

دنیا میں وہی شخص ہے تعظیم کے قابل
جس شخص نے حالات کا رُخ موڑ دیا ہے

جس شخص کے بارے میں، میں بات کرنے جا رہا ہوں وہ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ ریاستِ جموں وکشمیر کی پوری علمی، ادبی، سیاسی اور سماجی دنیا میں اُن کا نام بڑے ادب سے لیا جاتا ہے۔ وہ بیک وقت مصلحِ قوم، ہوش مند مدبّر، بلند خیال مفکّر اور اعلیٰ اقدار و اخلاق کے مالک ہی نہیں ہیں بلکہ ایک متحرک سماجی کارکن، بہتر منتظم، سنجیدہ معلم اور دلکش فلسفی بھی ہیں۔ وہ بابا غلام شاہ بادشاہ یونی ورسٹی راجوری کے بانی و بنیاد گزار وائس چانسلر بھی رہے ہیں۔ میں دل سے اُن کا احترام کرتا ہوں۔ میری نگاہ میں وہ ایک ایسے شخص ہیں جنہوں نے آسان اور مشکل میں سے ہمیشہ اپنے لیے مشکل کا انتخاب کیا اور ہر بار فتح حاصل کر کے نکلے۔ اپنے کام کی بدولت انہوں نے نہ صرف اپنی قوم اور معاشرے کے لیے بلکہ پوری انسانیت کے لیے مثالیں اور نظیریں قائم کی ہیں۔

چلا جاتا ہوں ہنستا کھیلتا موجِ حوادث سے
اگر آسانیاں ہوں زندگی دشوار ہو جائے

سند رہے کہ میں یہ سب کسی کہی سنی بات پر نہیں بلکہ اپنے تجربے کی بنا پر کہہ رہا ہوں۔ میں اُن چند خوش نصیب لوگوں میں سے ہوں جنہوں نے اُن کے ساتھ ایک طویل وقت گزارا ہے۔ اچھے اور بُرے مرحلوں میں اُن سے اُمید، سہارا، نصیحت اور

Scanned with CamScanner